SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
July 09, 2021

## ایس ای سی پی میں 2،504 نئی کمپنیاں رجسٹر، 63 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (جولائی 9): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے کاروباری آسانیوں کی فراہمی، کمپنی رجسٹریشن کے تمام مراحل کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن کے نتیجے میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ جون 2021 کے مہینے میں ایس ای سی پی میں کل 2،504 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں جو کہ گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 63 فیصد زائد ہیں۔ پاکستان میں رجسٹر کمپنیوں کی کل تعداد ایک لاکھ پنتالیس ہزار نو سو تیرہ (145913) ہو گئی ہے۔

جون کے مہینے میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 99 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر کی گئیں جبکہ 45 فیصد کمپنیوں کی رجسٹریشن ایک ہی دن میں مکمل ہوئی۔ اس ماہ 203 افراد نے بیرون ملک سے آن لائن سہولت کے ذریعے کمپنیاں رجسٹر کروائیں۔ جون میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 65 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ جبکہ 31 فیصد سنگل ممبر کمپنیاں شامل ہیں۔ دیگر 4 فیصد کمپنیوں میں پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ادارے، تجارتی کمپنیاں اور لمیٹڈ لائیبلیٹی پارٹنرشپ شامل ہیں۔ رواں ماہ نئی رجسٹرڈ ہونے والی کمپنیوں کا کل اداشدہ سرمایہ 3.3 ارب روپے ہے۔

سب سے زیادہ کمپنیاں رئیل سٹیٹ اور تعمیرات کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد 474 ہے، تجارت میں 382، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 275 سروسز میں 216، ای کامرس میں 129، فوڈ اینڈ بیوریج میں 105، ٹیکسٹائل میں 86، کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ 76، ایجوکیشن میں 66، انجنیئرنگ اور مارکیٹ اینڈ ڈیلوپمنٹ میں 54، ادویہ سازی میں 50، ہیلتھ کیئر میں 45، سیاحت میں 39، کان کنی اور ٹرانسپورٹ میں 36، کیمکل میں 34 ، آٹو اینڈ الائیڈ میں 33، کیبلز اینڈ الیکٹرک گڈز 31، لاگنگ (کندہ کشی) میں 27، کمیونیکیشن میں 26، بجلی کی پیداوار میں 24، پیپر اینڈ بورڈ اور کاسمیٹک اینڈ ٹائلیٹریز میں 19، سٹیل اینڈ الائیڈ میں 18، براڈ کاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ اور فیول اینڈ انرجی میں 16، وڈ اینڈ وڈ پراڈکٹس میں ,13 جبکہ بقیہ 105 کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔

علاوہ ازیں، 66 نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں کے سرمایہ کاروں کا تعلق، آسٹریا، آذربائیجان، بنگلہ دیش، چین، فرانس، جرمنی، گھانا، ہانگ کانگ، ایران، اٹلی، کرغزستان، ملاوی، میکسیکو، نیدرلینڈ، نائیجیریا، عمان، فلپائن، قطر، روس، سنگاپور، جمہوریہ سلوواکیا، سویڈن، میکسیکو، شام، ترکی، برطانیہ، یوراگوئے اور امریکہ سے ہے۔

اس ماہ کمپنی رجسٹریشن آفس اسلام آباد میں سب سے زیادہ کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئی جن کی تعداد 810 ہے اس کے بعد بالترتیب لاہور اور کراچی میں 807 اور 394 کمپنیاں رجسٹرڈ کی گئیں۔ ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن آفس پشاور، ملتان، فیصل آباد، گلگت بلتستان، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب 174,127,98,62,22 اور 10 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

**ٹکرز/ایس ای سی پی**

کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 63% اضافہ، جون میں 2،504 نئی کمپنیاں ہوئیں: ایس ای سی پی

کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 145913 ہو گئی ہے: ایس ای سی پی

99 فیصد کمپنیوں نے آن لائن رجسٹریشن حاصل کی: ایس ای سی پی

203 غیر ملکی سرمایہ کاروں نے بیرون ملک سے کمپنیاں رجسٹرڈ کروائیں: ایس ای سی پی

رئیل سٹیٹ اور تعمیرات میں 474، تجارت کے شعبے میں 382 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں: ایس ای سی پی

66 نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی: ایس ای سی پی